الجامعة البنورية العالمية

متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :	ANSARI UBAIDURRAHMAN	Serial No :	14621
Address :	india	Date :	2/7/2012
Subject :	BUSINESS	Contact No:	
Writer :	اویس شریف	Email :	

MODE: **Regular**

HAMARE YAHA ZAMIN BECHNE KA KAROBAR HOTA HAI JIS FARZ KIJIYE KE AABID JO HAI WO ZAMIN KA COMMISION AGENT HAI JO KHUD ZAMIN NAHI KHARIDTA HAI BALKE DO AADMIYO ME SODA KARATA HAI JIS ME BECHNE WALA AUR KHARIDNE WALA DONO AABID KO COMMISION KE TOR PER MAJMUI RAQM KA 2 FISAD COMMISION DETE HAI SURAT BALA ME KYA COMMISION JAEZ HOGA MEI NE SUNA HAI KE EK TRAF SE HI LE SAKTA HAI LOG KAHTE HAI KE YE COMMISION MAHNAT AUR WAQT KE SARF HONE KI WAJAH HAI AUR COMMISION DEN ME DONO FARIQ KHARIDNE AUR BECHNE WALA RAZI HOTE HAI

ہمارے یہاں زمین بیچنے کا کاروبار ہوتا ہے۔ جیسے فرض کیجئے کہ عابد جو ہے وہ زمین کا کمیشن ایجنٹ ہے جو خود زمین نہیں خریدتا ہے بلکہ دو آدمیوں میں سودا کراتا ہے جس میں بیچنے والا اور خریدنے والا دونوں عابد کو کمیشن کے طور پر مجموعی رقم کا ۲ فیصد کمیشن دیتے ہیں۔ صورت بالا میں کیا کمیشن جائز ہوگا۔ میں نے سنا ہے کہ ایک طرف سے ہی لے سکتا ہے۔ لوگ کہتے ہیں کہ یہ کمیشن محنت اور وقت کے صرف ہونے کی وجہ سے ہے۔ اور کمیشن دینے میں دونوں فریق خریدنے اور بیچنے والا راضی ہوتے ہیں۔

الجواب حامداً ومصلیاً

جی ہاں! اگر کمیشن طے اور متعین کر لیا جائے تو دونوں طرف سے دلالی کی کمیشن لینا بھی جائز ہے شرعاً اسمیں کوئی قباحت نہیں ہے۔ مگر بہتر یہ ہے کہ جس کیلئے ابتدائی طور پر کام کیا ہے مثلاً بائع کی زمین بیچنے کیلئے اس نے گاہک تلاش کیا اور اسے آمادہ بھی کیا ہے تو بائع سے ہی اپنا کمیشن بھی لے نہ کہ مشتری سے بھی۔

کما فی الدر: واما الدلال فان باع العین بنفسہ باذن ربہا فاجرتہ علی البائع وان سعی بینہما وباع المالک بنفسہ یعتبر العرف

وفی الشامیۃ تحتہ: فتجب الدلالۃ علی البائع او المشتری او علیہما بحسب العرف (ج۴ ص۵۶۰)۔ واللہ اعلم بالصواب

محمد اویس عفی عنہ

دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی

۲۷ جمادی الثانی ۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
عبداللہ شوکت
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۹/۶/۱۴۳۳ھ

الجواب صحیح
محمد سیف اللہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۸ جمادی الثانی ۱۴۳۳ھ

رئیس — دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ

دار الافتاء
۱۴۶۲۱
۲۹/۶/۱۴۳۳ھ

۱/۵/۲۱